بن نور صاحب نے ایک ایسی چیز تیار کر دی ہے جس کا انفرادی اور اجتماعی مطالعہ آج کی مادیت گزیدہ دنیا کے لئے بے حد مفید ہے۔ جو جماعتیں اور ادارے اصلاح خلق کے لئے سرگرم عمل ہیں ان کے لئے بطور خاص یہ ایک بڑا سرمایہ ہے۔ وہ اپنی مجالس میں دوسری کتابوں کے ساتھ اس کے اجتماعی مطالعہ سے بھی مفید کام لے سکتی ہیں۔

دونوں کتابیں اسلامک پبلی کیشنز لمیٹڈ' ۱۳/ای شاہ عالم مارکیٹ لاہور سے شائع ہوئی ہیں۔ پہلی کتاب کی قیمت -/۸۱ روپے اور دوسری کی -/۹۰ روپے ہے۔ ہر دو کتب کی کتابت و طباعت عمدہ' کاغذ اچھا اور ٹائٹل دیدہ زیب ہیں۔

بقیہ: مطالعہ قرآن حکیم

اور نتیجۃً تم اس عذاب استیصال کا نوالہ بن جاؤ جس کا شکار امم سابقہ ہو چکی ہیں پس خواہ مخواہ کے لیت ولعل میں قیمتی مہلت ضائع نہ کرو۔ اور استغفار اور توبہ کے ساتھ اپنے رحیم اور ودود رب کا دامن عفو و کرم تھام لو!!

واخر دعونا ان الحمد للہ رب العالمین

بقیہ: ان الشرک لظلم عظیم

شرک کا شبہ تو نہیں ہے؟ پس شرک کے شبہ والے کام بھی چھوڑ دینے چاہئیں' مبادا شبہ سچ ہو اور بات ارتکابِ شرک تک پہنچ جائے اور کامیابی اور فلاح خسرانِ ابدی میں بدل جائے۔ وَمَا عَلَینا اِلَّا الْبلاغ

قرآن حکیم کی مقدس آیات اور احادیث نبوی آپ کی دینی معلومات میں اضافے اور تبلیغ کے لئے اشاعت کی جاتی ہیں۔ ان کا احترام آپ پر فرض ہے۔ لہٰذا جن صفحات پر یہ آیات درج ہیں ان کو صحیح اسلامی طریقے کے مطابق بے حرمتی سے محفوظ رکھیں۔